# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I A/2018**
**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. .......................**

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: I (Classical Shaeree)**

**TIME ALLOWED: 3 hrs**
**MAX. MARKS: 100**

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ حصہ اول میں سے دو اور باقی ہر حصے میں سے ایک ایک سوال سوال کا جواب تحریر کیجئے۔ تمام سوالوں کے نمبر یکساں ہیں۔

سوال نمبر 1- ولی ایک جمال دوست اسلوب پرست شاعر ہے۔ مثالوں سے وضاحت کریں۔

سوال نمبر 2- آتش کی غزل کی فنی خصوصیات تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3- خواجہ میر درد کی شاعری میں تصوف کا عنصر غالب ہے۔ مثالوں سے واضح کریں۔

سوال نمبر 4- داغ کی شاعری کی فکری وفنی خصوصیات تفصیل سے بیان کیجئے۔

## (حصہ دوم)

سوال نمبر 5- مثنوی سحر البیان کی کردار نگاری پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر 6- مثنوی گلزار نسیم کے فنی محاسن مثالیں دے کر واضح کریں۔

## (حصہ سوم)

سوال نمبر 7- نظیر اکبر آبادی کی شاعری عوامی مشاغل اور سرگرمیوں کی عکاسی کرتی ہے۔ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 8- شیخ ابراہیم ذوق کے قصائد کی خصوصیات پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجئے۔

## (حصہ چہارم)

سوال نمبر 9- حوالہ متن کی نشاندہی کرتے ہوئے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔ فنی محاسن کی نشاندہی بھی کیجئے۔

**(الف)**

دشنامِ یار طبعِ حزیں پر گراں نہیں
اے ہم نفس نزاکتِ آواز دیکھنا

دیکھ اپنا حالِ زار منجم ہوا رقیب
تھا سازگار طالعِ ناساز دیکھنا

بدکام کا مآل بُرا ہے جزا کے دن
حالِ سپہر تفرقہ انداز دیکھنا

میری نگاہِ خیرہ دکھاتے ہیں غیر کو
بے طاقتی پہ سرزنشِ ناز دیکھنا

**یا**

**(ب)**

زاہد و پیرِ مغاں، برہمن و شیخ اے یار
دل میں رکھتے ہیں ترے ہاتھ سے غم چاروں ایک

کر دیا پل میں کرشمے نے تری آنکھوں کے
مسجد و مے کدہ و دیر و حرم چاروں ایک

شاہِ مرداں تری خِلقت جو نہ ہوتی منظور
ہوتے عنصر نہ کبھو مل کے بہم چاروں ایک

دشمن و دوست بد و نیک زمانے کے بیچ
حکم رکھتے ہیں ترے پیشِ کرم چاروں ایک

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

Part-I A/2018
Examination:- M.A./M.Sc.

Roll No. ....................

Subject: Urdu (New Course)
PAPER: II (Afsanvi Nasar O Drama)

TIME ALLOWED: 3 hrs.
MAX. MARKS: 100

نوٹ: صرف پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ حصہ اول، سوم اور چہارم سے ایک ایک، جبکہ حصہ دوم سے دو سوال منتخب کریں۔

## حصہ اول (داستان)

سوال نمبر۱: ''باغ و بہار'' کے کردار مثالیت کا نمونہ ہیں؟ حمایت یا مخالفت میں دلائل دیں۔ (۲۰)

سوال نمبر۲: ''فسانۂ عجائب'' کے فکری و فنی پہلوؤں کا جائزہ لیں۔ (۲۰)

## حصہ دوم (ناول)

سوال نمبر۳: ڈپٹی نذیر احمد کے ناولوں میں دہلوی معاشرت اور زبان دونوں کا عکس ہے؟ بحث کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر۴: ''فردوس بریں'' کے ادبی خصائص بیان کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر۵: ''امراؤ جان ادا'' کو ایک شاہکار ناول قرار دیا جاتا ہے؟ ناول کے اجزا کی روشنی میں ثابت کریں۔ (۲۰)

## حصہ سوم (افسانہ)

سوال نمبر۶: پریم چند کے افسانوں ''سوا سیر گیہوں'' اور ''کفن'' کا تقابلی مطالعہ کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر۷: غلام عباس کے افسانوں کے موضوعات اور اسلوب کا جائزہ لیں۔ (۲۰)

## حصہ چہارم (ڈراما)

سوال نمبر۸: ''رستم و سہراب'' میں زبان و بیان کی نمایاں خصوصیات کیا ہیں؟ تحریر کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر۹: ارسطو کے تصور المیہ کی روشنی میں ''انارکلی'' کی ادبی اہمیت بیان کریں۔ (۲۰)

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I A/2018**
**Examination:- M.A./M.Sc.**

Roll No. ....................

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: III (Asaleeb Nasar)**

**TIME ALLOWED: 3 hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ : کل پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر یکساں ہیں۔

سوال نمبر۱ : مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح اس طرح کریں کہ مصنف کے اُسلوب کی خصوصیات نمایاں ہو جائیں۔ ۲۰

(الف) جب تمام بنی آدم اپنے بوجھوں کا وبال سر سے اُتار چکے تو میاں وہم کہ جب سے اَب تک اس مصروفیت میں سرگرداں تھے، مجھے الگ کھڑا دیکھ کر سمجھے کہ یہ شخص خالی ہے۔ چنانچہ اس خیال سے میری طرف جھکے، اُن کو اپنی طرف آتے دیکھ کر میرے حواس اُڑ گئے، مگر انھوں نے جھٹ اپنا آئینہ سامنے کیا، مجھے اپنا منہ اس میں ایسا چھوٹا معلوم ہوا کہ بے اختیار چونک پڑا۔ برخلاف اس کے، بدن اور قد و قامت ایسا چوڑا چکلا نظر آیا کہ جی بیزار ہو گیا اور ایسا گھبرایا کہ چہرے کو نقاب کی طرح اُتار کر پھینک دیا۔

(ب) رات کی کیفیتیں جتنی تند و تیز ہوتی ہیں، صبح کا خمار بھی اتنا ہی سخت ہوتا ہے۔ اگر رات کی سیہ مستیوں کے بعد اَب صبح خمار کی تلخ کامیوں سے سابقہ پڑا تھا تو ایسا ہونا ناگزیر تھا، اور کوئی وجہ نہ تھی کہ ہم شکوہ سنج ہوتے، البتہ حسرت اس کی رہ گئی کہ جب ہونا یہی تھا، تو کاش، جی کی ہوس تو پوری نکال لی ہوتی اور نپے تلے پیمانوں کی جگہ شیشوں کے شیشے لنڈھا دیے ہوتے۔ خواجہ میر درد کیا خوب کہہ گئے ہیں:

کبھی خوش بھی کیا ہے جی کسی رند شرابی کا
بھڑا دے منہ سے منہ ساقی، ہمارا اور گلابی کا

سوال نمبر۲ : وجہی کی ''سب رس'' اپنے عہد کے معاشرتی رجحانات کی بہترین عکاس ہے۔ بحث کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۳ : غالب کا اُسلوب ان کی انفرادیت پسند شخصیت کا آئینہ دار ہے۔ خطوطِ غالب کی روشنی میں مدلّل رائے کا اظہار کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۴: سرسید کے اُسلوب کی تمام خصوصیات ان کی مقصدیت سے پیدا ہوئی ہیں۔ آپ کا کیا خیال ہے؟ ۲۰

سوال نمبر۵: محمد حسین آزاد کا طرزِ تحریر ساختگی و بے ساختگی اور سادگی و پُرکاری کا حسین امتزاج ہیں۔ بحث کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۶: شبلی کا اُسلوب عالمانہ وقار کا آئینہ دار ہے۔ مفصل اظہارِ خیال کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۷: ''اُردو کی آخری کتاب'' کے حوالے سے ابنِ انشا کا اُسلوبِ نگارش بیان کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۸: ''خیال پارے'' کا اُسلوبیاتی جائزہ پیش کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۹: ''چراغ تلے'' کے حوالے سے مشتاق احمد یوسفی کے فنِ مزاح پر سیر حاصل بحث کیجیے۔ ۲۰

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I A/2018**
**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. .....................**

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: IV (Tareekh Zaban O Adab)**

**TIME ALLOWED: 3 hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ: کوئی سے پانچ سوالوں کے جوابات دیں۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر ۱: ادبی تاریخ نویسی کے تقاضوں اور معیارات پر روشنی ڈالیں؟

سوال نمبر ۲: اردو زبان کے آغاز کے حوالے سے حافظ محمود شیرانی کے نظریے پر روشنی ڈالیں؟

سوال نمبر ۳: عادل شاہی دور میں اردو مثنوی کو عروج حاصل ہوا، جائزہ لیں۔

سوال نمبر ۴: میر و سودا کے عہد میں اردو غزل فکری و فنی اعتبار سے مثالی حیثیت رکھتی تھی، آپ کی رائے؟

سوال نمبر ۵: آتش و ناسخ کے عہد میں اردو اصنافِ سخن کو خاص انداز اور آہنگ ملا، اپنی رائے کا اظہار کریں؟

سوال نمبر ۶: علی گڑھ تحریک کے تحت لکھی جانے والی نثر کا اس تحریک کے مقاصد کی روشنی میں جائزہ لیں؟

سوال نمبر ۷: جدید اردو نظم کے فروغ کے ذیل میں انجمن پنجاب کے کردار پر روشنی ڈالیں؟

سوال نمبر ۸: اردو تنقید کے ارتقا میں ترقی پسند تحریک کے ناقدین نے نمایاں حصہ لیا، جائزہ لیں؟

سوال نمبر ۹: درج ذیل موضوعات پر نوٹ لکھیں؟

الف)۔ فورٹ ولیم کالج اور "باغ و بہار"

ب)۔ قیامِ پاکستان کے بعد جدیدیت کی تحریک اور اردو افسانہ

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I A/2018**
**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ...................**

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: V (Mir-O-Ghalib Key Shaeree Ka Khususi Mutalaa)**

**TIME ALLOWED: 3 hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جواب درکار ہیں۔ تشریح متن کا سوال لازمی ہے۔ دوسرے دو حصوں میں سے دو، دو سوالات کے جوابات دینا ہوں گے

تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر 1۔ دیے گئے شعری اقتباسات میں سے دو، دو اشعار کی تشریح کیجیے۔

(الف)

آہِ سحر نے سوزشِ دل کو مٹا دیا — اس باد نے ہمیں تو دیا سا بجھا دیا

تھی لاگ اس کی تیغ کو ہم سے سو عشق نے — دونوں کو معرکے میں گلے سے ملا دیا

آوارگانِ عشق کا پوچھا جو میں نشاں — مشتِ غبار لے کے صبا نے اڑا دیا

گویا محاسبہ مجھے دینا تھا عشق کا — اس طور دل سی چیز کو میں نے لگا دیا

(ب)

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا — اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

ترے وعدے پر جیے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا — کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح — کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غمگسار ہوتا

ہوئے مر کے ہم جو رسوا ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا — نہ کبھی جنازہ اٹھتا نہ کہیں مزار ہوتا

حصہ اول

سوال نمبر 2۔ میر کا غم مایوس نہیں کرتا بلکہ جینے کا سلیقہ سکھاتا ہے میر کی شاعری کے حوالے سے ان کے تصورِ غم کا بھرپور جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر 3۔ میر کی شاعری میں پائے جانے والے فکری عناصر کون کون سے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 4۔ میر کی شاعری کے اسلوبیاتی عناصر پر بحث کیجیے۔

سوال نمبر 5۔ میر شناسی کی روایت میں "نقدِ میر" کے مقام و مرتبہ پر تفصیلی مضمون لکھیے۔

حصہ دوم

سوال نمبر 6۔ غالب کی شاعری کے صوفیانہ عناصر کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر 7۔ غالب کا فن ان کی عظمت کا آئینہ دار ہے آپ کا کیا خیال ہے؟

سوال نمبر 8۔ غالب کی شاعری کے ادوار کا بھرپور جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر 9۔ غالب شناسی کی روایت میں حالی کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I** **A/2018**
**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: V(A) Arabic [Zuban-O-Adab]**

**TIME ALLOWED: $1\frac{1}{2}$ hrs.**
**MAX. MARKS: 50**

## USE SEPARATE ANSWER SHEET

**سوال نمبر ۱:** مندرجہ ذیل اجزا (الف، ب) میں سے کسی ایک کا اردو میں بامحاورہ ترجمہ کریں۔ **(13)**

(الف) لَيْسَ الْبِرَّ أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ مَنْ آمَنَ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَالْمَلٰئِكَةِ وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ وَآتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهِ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْمَسَاكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَالسَّائِلِينَ وَفِي الرِّقَابِ وَأَقَامَ الصَّلٰوةَ وَآتَى الزَّكٰوةَ وَالْمُوفُونَ بِعَهْدِهِمْ إِذَا عَاهَدُوا۔

(ب) (۱) الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ۔
(۲) تُطْعِمُ الطَّعَامَ وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ۔
(۳) مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا۔ (۴) الطُّهُورُ شَطْرُ الْإِيمَانِ۔
(۵) الدُّنْيَا مَزْرَعَةُ الْآخِرَةِ (۶) إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ

**سوال نمبر ۲:** مندرجہ ذیل اجزا (الف، ب) میں سے کسی ایک کا اردو میں بامحاورہ ترجمہ کریں۔ **(12)**

(الف)
أسلُك مَع الناسِ الأدبَ — تَرَ مِنَ الدّهرِ العجبَ
ولا تُطاوِل بنَشَب — ولا تُفاخِر بنَسَب
العِزّ فی الأمانة — والكيّسُ فی الفِطانة
لا تَغضَب الجَليسَا — لا تُوحِش الأنيسَ
لا تُكثِر العِتابَا — تَنفرُ الأصحَابا
فكَثرةُ المُعَاتبَة — تَدعُو الى المُجَانبَة

(ب) العِلمُ شَجَرةٌ وَالعَمَلُ ثَمرتُهاَ۔ ولو قرأتُ العلمَ مأة سَنةٍ وجمعتُ ألفَ كِتَابٍ لَنْ أكونَ مستعِدّاً لِرَحْمَةِ اللّٰه تعالىٰ إلّا بِالعَمَلِ لأنّ لَيسَ لِلإنسانِ الّا مَا سعىٰ، فَمَنْ كَانَ يَرجو لِقَاءَ رَبِه فَلْيَعْمَلْ عَمَلاً صَالِحاً، لأنّ مَنْ عَمِلَ صَالِحاً فأولٰئك هُم يَدخُلونَ الْجَنةَ وَلا يُظلمونَ شيئاً۔

**سوال نمبر ۳:** عربی میں سال کے موسم (فُصولُ السَّنَةِ) لکھیے۔ **(5)**

**یا**

درج ذیل تراکیب کو اردو جملوں میں استعمال کیجئے۔

(۱) مَضٰى مَا مَضٰى — (۲) لَيْتَ وَلَعَلَّ — (۳) دَامَتْ بَرَكَاتُهُ
(۴) نَسْلاً بَعْدَ نَسْلٍ — (۵) قِسْ عَلٰى هٰذَا

**سوال نمبر ۴:** عربی ضمائر منفصلہ تحریر کریں۔ **(10)**

**سوال نمبر ۵:** كَتَبَ سے فعل ماضی معروف کی گردان لکھیے۔ **(10)**

**P.T.O. for Farsi [Zuban-O-Adab]**

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I** **A/2018**
**Examination:- M.A./M.Sc.**

Roll No. ………………….

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: V(B) Farsi [Zuban-O-Adab]**

**TIME ALLOWED: $1\frac{1}{2}$ hrs.**
**MAX. MARKS: 50**

---

سوال نمبر۱ : مندرجہ ذیل مصادر میں سے صرف پانچ کا اردو ترجمہ اور مضارع لکھیے : (۱۰)

گفتن، بخشیدن، گریستن، رسیدن، خندیدن، باریدن، نوشتن، مردن، دیدن یا

کسی مصدر سے ماضی قریب کی گردان، صیغوں کے نام اور اردو معانی لکھیے ۔

سوال نمبر۲: فعل حال کی تعریف، بنانے کا قاعدہ اور کسی مصدر سے اس کی مکمل گردان مع ترجمہ لکھیے : یا (۱۰)

مرکب اضافی کی تعریف کریں اور پانچ فارسی مثالیں مع ترجمہ لکھیے ۔

سوال نمبر۳: کسی ایک اقتباس کا اردو ترجمہ لکھیے : (۱۵)

(الف) نسیمی دمید از باغ دوستی، دل را فدا کردیم. بویی یافتیم از خزانۂ دوستی، به پادشاهی برسر عالم ندا کردیم. برقی تافت از مشرق حقیقت، آب و گل کم انگاشتیم، دو گیتی بگذاشتیم.

(ب) جانانِ پدر هنر آموزید که ملك و دولتِ دنیا اعتماد را نشاید و سیم وزر در سفر بر محل خطراست یا دزد به یکبار ببرد یا خواجه به تفاریق بخورد امّا هنر چشمۂ زاینده است و دولتِ پاینده و گر هنرمند از دولت بیفتد، غم نباشد که هنر در نفس خود دولت است. هرجا که رود قدر بیند.

سوال نمبر۴: کسی ایک شعر پارے کا اردو ترجمہ لکھیے : (۱۵)

(الف)
روزی گذشت پادشهی از گزر گهی — فریادِ شوق برسر هر کوی و بام خاست
پرسید زان میان یکی کودکی یتیم — کین تابناك چیست که بر تاجِ پادشاست
آن یك جواب داد چه دانیم ما که چیست — پیداست اینقدر که متاعِ گران بهاست
نزدیك رفت پیر زنی کوژ پشت و گفت — این اشكِ دیدۂ من و خون دل شماست

(الف)
صلاح کار کجا و من خراب کجا — ببین تفاوت ره کز کجاست تا بکجا
دلم ز صومعه بگرفت و خرقۂ سالوس — کجاست دیر مغان و شراب ناب کجا
چه نسبت است به رندی صلاح و تقویٰ را — سماع وعظ کجا، شمع آفتاب کجا
ز روی دوست دل دشمنان چه دریا بد — چراغ مرده کجا، شمع آفتاب کجا

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

Part-I A/2018
Examination:- M.A./M.Sc.

Roll No. ....................

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: I (Urdu Shaeree Classici Ehd Main)**

**TIME ALLOWED: 3 hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات درکار ہیں۔ پہلے حصے سے کوئی دو جبکہ باقی ہر حصے سے ایک ایک سوال کا جواب تحریر کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

## (حصہ اول)

سوال نمبر 1- خواجہ میر درد کی شاعری میں تصوف کے عناصر کی نشاندہی کریں۔

سوال نمبر 2- میر تقی میر کے ہاں دل اور دلی ایک ہو جاتے ہیں، اس سے کیا مراد ہے؟ اشعار سے مثالیں دیں کر ثابت کریں۔

سوال نمبر 3- آتش کی شاعری کے فکری وفنی محاسن پر روشنی ڈالیں۔

سوال نمبر 4- غالب کے تصورِ رشک پر تفصیلی بحث کریں؟ اشعار سے مثالیں پیش کریں۔

## (حصہ دوم)

سوال نمبر 5- مثنوی سحر البیان عمدہ محاکات نگاری کی مثال ہے، وضاحت کیجیے؟

سوال نمبر 6- مثنوی گلزار نسیم کی اہم فنی خصوصیات کی نشاندہی کریں؟

## (حصہ سوم)

سوال نمبر 7- ذوق اور سودا کی قصیدہ گوئی کا تقابلی جائزہ لیجیے؟

سوال نمبر 8- نظیر اکبر آبادی کی منظومات کے عوامی رجحانات پر تفصیل سے روشنی ڈالیے؟

## (حصہ چھارم)

سوال نمبر 9- حوالہ متن کی نشاندہی کرتے ہوئے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ فنی محاسن کی نشاندہی بھی کیجیے۔

**(الف)**

سرودِ عیش گاویں ہم اگر وہ عشوہ ساز آوے
بجاویں طبل شادی کے اگر وہ دل نواز آوے

خمار ہجر نے جس کے دیا ہے دردِ سر مُج کوں
رکھوں نشہ نمن اکھیاں میں گر وہ مستِ ناز آوے

جنونِ عشق میں مُج کوں نہیں زنجیر کی حاجت
اگر میری خبر لینے کوں وہ زلف دراز آوے

ادب کے اہتمام آگے نہ پاوے باروان ہرگز
ترے سایے کی پا بوسی کوں گر رنگِ ایاز آوے

**یا**

**(ب)**

کوندے ہے جو بجلی تو یہ سوجھے ہے نشے میں
ساقی نے ہے آتش سے مئے تیز اڑائی

یہ جوش ہے باراں کا کہ افلاک کے نیچے
ہووے نہ ممیز کرۂ ناری و مائی

پہنچا کمکِ لشکر باراں سے ہے یہ زور
ہر نالے کی ہے دشت میں دریا پہ چڑھائی

ہو قلزم عمال پہ لب جو تبسم
تالاب سمندر کو کرے چشم نمائی

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I** **A/2018**
**Examination:- M.A./M.Sc.**

Roll No. ......................

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: II (Afsanvi Nasr, Drama)**

**TIME ALLOWED: 3 hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ: صرف پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ حصہ اول، سوم اور چہارم سے ایک ایک، جبکہ حصہ دوم سے دو سوال منتخب کریں۔

## حصہ اول (داستان)

سوال نمبر۱: ''باغ و بہار'' میں دہلوی معاشرت کی عکاسی کی گئی ہے؟ مثالوں سے واضح کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر۲: ''فسانۂ عجائب'' کے پلاٹ سے زیادہ اس کا اسلوب اہم ہے؟ اپنا موقف بیان کریں۔ (۲۰)

## حصہ دوم (ناول)

سوال نمبر۳: ''ابن الوقت'' اپنے عہد کی بدلتی ہوئی اقدار کا آئینہ دار ہے؟ وضاحت کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر۴: ''آخرِ شب کے ہم سفر'' کا فکری و فنی جائزہ تحریر کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر۵: ''امراؤ جان ادا'' لکھنوی تہذیب و معاشرت کی عکاسی کرتا ہے؟ امثلہ کی روشنی میں بیان کریں۔ (۲۰)

## حصہ سوم (افسانہ)

سوال نمبر۶: منٹو اپنے افسانوں میں معاشرے کے تضادات پیش کرتے ہیں؟ تفصیلی جائزہ لیں۔ (۲۰)

سوال نمبر۷: غلام عباس عام آدمی کے مسائل کو موضوع بناتے ہیں؟ اپنے خیالات قلم بند کریں۔ (۲۰)

## حصہ چہارم (ڈراما)

سوال نمبر۸: کیا ''انارکلی'' کا پلاٹ حقیقت پر مبنی ہے؟ اپنے موقف کے حق میں دلائل دیں۔ (۲۰)

سوال نمبر۹: ''رستم و سہراب'' کے اسلوب کا تنقیدی جائزہ تحریر کریں۔ (۲۰)

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-I A/2018**
**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: III (Asaleeb-e- Nasr-e- Urdu)**

**TIME ALLOWED: 3 hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

نوٹ : کل پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر یکساں ہیں۔

سوال نمبر۱ : مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح اس طرح کریں کہ مصنف کے اُسلوب کی خصوصیات نمایاں ہو جائیں۔ ۲۰

(الف) دوسری طرف دیکھا کہ جو بلند حوصلہ، صاحب ہمت، عالی طبیعت تھے وہ ان سے الگ ہو گئے اور غول کے غول شہنائی کی آواز کی طرف بلندیٔ کوہ پر متوجہ ہوئے۔ جس قدر یہ لوگ آگے بڑھتے تھے، اسی قدر وہ آواز کانوں کو خوش آئند معلوم ہوتی تھی۔ مجھے ایسا معلوم ہوا کہ بہت سے چیدہ اور برگزیدہ اشخاص اس ارادے سے آگے بڑھے کہ بلندیٔ کوہ پر چڑھ جائیں اور جس طرح ہو سکے، پاس جا کر اس نغمۂ آسانی سے قوتِ روحانی حاصل کریں۔

(ب) احاطہ کے شمالی کنارہ میں ایک پرانی ٹوٹی ہوئی قبر ہے۔ نیم کے ایک درخت کی شاخیں اس پر سایہ کرنے کی کوشش کر رہی ہیں مگر کامیاب نہیں ہوتیں۔ قبر کے سرہانے ایک چھوٹا سا طاق ہے۔ طاق اَب چراغ سے خالی ہے، مگر محراب کی رنگت بول رہی ہے کہ یہاں کبھی ایک دیا جلا کرتا تھا...... معلوم نہیں یہ کس کی قبر ہے، چاند بی بی کی ہو نہیں سکتی کیونکہ اس کا مقبرہ قلعہ سے باہر ایک پہاڑی پر واقع ہے۔ بہر حال کسی کی ہو مگر کوئی مجہول الحال شخصیت نہ ہو گی ورنہ جہاں قلعہ کی تمام عمارتیں گرائی تھیں، وہیں اسے بھی گرایا ہوتا۔

سوال نمبر۲ : وجہی نے ''سب رس'' میں نظم و نثر کو ملا کر ایک منفرد اُسلوب پیدا کیا۔ بحث کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۳ : اُردو کے نثری اسالیب کے ارتقا میں خطوطِ غالب نے کیا کردار ادا کیا؟ مفصل بیان کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۴: سر سیّد احمد خان نے اُردو نثر کو بنانے سنوارنے کے بجائے مطلب نویسی پر مدار کیا۔ بحث کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۵: ''حیاتِ جاوید'' کی روشنی میں حالی کے اُسلوبِ نگارش پر جامع نوٹ قلم بند کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۶: مولانا ابوالکلام آزاد کے اُسلوب کی نمایاں خصوصیات تحریر کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۷: فرحت اللہ بیگ نے سنجیدگی اور ظرافت کے امتزاج سے ایک نئی طرز ایجاد کی۔ بحث کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۸: رشید احمد صدیقی کے مضامین کی روشنی میں ان کے اُسلوب کے نمایاں خدوخال واضح کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر۹: ''آبِ گم'' کے حوالے سے مشتاق احمد یوسفی کے اُسلوبِ نگارش پر روشنی ڈالیے۔ ۲۰

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

Part-I A/2018
Examination:- M.A./M.Sc.

Roll No. ....................

Subject: Urdu (Old Course)
PAPER: IV (Tareekh-e- Zuban-O-Adab-e-Urdu)

TIME ALLOWED: 3 hrs.
MAX. MARKS: 100

نوٹ: پانچ سوالات کے جواب دیں۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر ۱: اُردو زبان کے آغاز کے بارے میں ڈاکٹر شوکت سبزواری کے نظریے پر روشنی ڈالیں؟

سوال نمبر ۲: عادل شاہی دور کی مثنوی کا تفصیلی جائزہ لیں؟

سوال نمبر ۳: میر و سودا کا عہد اردو شاعری کا عہد زریں ہے، تائید یا تردید کریں؟

سوال نمبر ۴: فورٹ ولیم کالج کی نثری خدمات کا جائزہ لیں؟

سوال نمبر ۵: غالب اور مومن کے دور میں کس صنفِ سخن کو زیادہ فروغ ملا؟ مفصل لکھیں۔

سوال نمبر ۶: علی گڑھ تحریک کے اردو تنقید پر اثرات کا جائزہ لیں؟

سوال نمبر ۷: جدید اردو نظم کے فروغ میں انجمن پنجاب کے کردار کا مفصل جائزہ لیں؟

سوال نمبر ۸: ترقی پسند تحریک کے اردو شاعری پر کیا اثرات مرتب ہوئے، مفصل لکھیں؟

سوال نمبر ۹: درج ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں؟

الف)۔ آتش کی شاعری

ب)۔ رومانی افسانہ

ج)۔ جدیدیت